بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆کلامِ خوشتر میں سے کچھ منتخب حمد و نعتوں اور منقبتوں کا بہترین گلدستہ☆

بنامِ

# خوشبوئے خوشتر

*Khushboo-e-Khushtar*

حسب فرمائش..........

پیر طریقت رہبر شریعت شہزادۂ علامہ خوشتر ناشر مسلک اعلیٰ حضرت سیاح یورپ
حضرت مولانا محمد مسعود اظہر خوشتر صدیقی قادری رضوی (خلیفۂ حضور سبحانی میاں جانشین اعلیٰ حضرت بریلی شریف)
وسربراہِ اعلیٰ سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل وقادری رضوی سوسائٹی نیشنل وخانقاہِ قادریہ رضویہ خوشتریہ (ماریشس)

ترتیب..........

خاک پائے حضور مفتی اعظم ہند۔ محمد غفران رضا قادری سبحانی رامپوری
خادم اللہ رئیس سنّی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل وقادری رضوی سوسائٹی وخانقاہِ قادریہ رضویہ پورٹ لوئس (ماریشس)


نام کتاب..........خوشبوئے خوشتر
کلام..........مبلغ اسلام حضرت علامہ ابراہیم خوشتر صدیقی علیہ الرحمہ
بسعی..........حضرت مولانا محمد مسعود اظہر خوشتر صدیقی مدظلہ العالی
ترتیب..........محمد غفران رضا قادری سبحانی رامپوری مدرس خانقاہِ قادریہ رضویہ خوشتریہ (ماریشس)
نظر ثانی..........نبیرۂ مبلغ اسلام حضرت مولانا محمد سعد ظفر خوشتر صدیقی قادری
سن اشاعت..........۱۴۳۳ھ ؛ ۲۰۱۲ء
صفحات..........
ناشر..........سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل
ہدیہ..........مسلک اعلیٰ حضرت پر قائم رہو۔

# فہرست عناوین


| شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | پیش لفظ | |
| ۲ | حمد باری تعالیٰ | |
| ۳ | حمد باری تعالیٰ | |
| ۴ | اپنے دامن میں چھپالیں | |
| ۵ | یہ سارے انبیاء آئے | |
| ۶ | ان کے دربار اقدس میں | |
| ۷ | چمن سے دور ہوں خوشتر | |
| ۸ | بات ہے بڑے قرینے کی | |
| ۹ | بزم میلاد نبی ہے ﷺ | |
| ۱۰ | تیرا آستانہ ہے | |
| ۱۱ | پیارے محمد ﷺ تیرا نام نامی | |
| ۱۲ | مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ | |
| ۱۳ | واہ! کیا اے شہ کونین رتبہ تیرا | |
| ۱۴ | صبح فاراں مرحبا ایسا اجالا | |
| ۱۵ | کون کہتا ہے دنیا میں خوشتر | |
| ۱۶ | فریاد ہے فریاد ہے فریاد یا غوث | |
| ۱۷ | آیا ہے تیرا دیوانہ | |
| ۱۸ | شاہ احمد رضا | |
| ۱۹ | اے رضا مرتبہ کتنا ہوا | |
| ۲۰ | کچھ نہ پوچھو مقام خواجہ کا | |
| ۲۱ | شجرۂ طیبہ | |
| ۲۲ | صلوۃ والسلام | |

# Contents


1 Preface
2. Hamd – Alhamd Fatiha Hai
3. Hamd – Maabood Hai
4. Apnay Daaman Main
5. Yeh Saaray Ambiya
6. Unkay Darbaar-e-Aqdas May
7. Chaman Say Duur Hon Khushtar
8. Baat Hai Yeh Baray Kareenay Ki
9. Bazm-e-Milaad-e-Nabi (ﷺ) Hai
10. Tera Aastana Hai
11. Pyaray Muhammad (ﷺ) Tera Naam-e-Naami
12. Madeena Madeena
13. Wah Kya Ay Shahe Konain
14. Subhay Faaran Marhaba
15. Kaun Kehta Hai Dunya Main Khushtar
16. Faryaad Hai Faryaad Hai
17. Aaya Hai Yeh Tera Deewaana
18. Ay Imaam ul Hudaa Shaahe Ahmad Raza
19. Ay Raza Martaba Kitna Huwa Baala Tera
20. Kuch Na Poocho Maqaam Khwaja Ka
21. Shajrah Tayiba
22. Salaat-o-Salaam

## ﴿پیش لفظ﴾

اپنے خوشتر کو بھی خوشتر دین کر
خوشتر خوب طینت پہ لاکھوں سلام

قارئین حضرات!

فضیلۃ الشیخ، داعیٔ مسلکِ اعلیٰحضرت، خلیفۂ حضور حجۃ اسلام، فدائے حضور مفتی اعظم ھند، شیخ طریقت رہبر شریعت آبروئے اہلسنت، مبلغ اسلام حضرت علامہ ومولانا مفتی محمد ابراھیم خوشتر صدیقی قادری رضوی حامدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

(قطب اعظم ماریشس) کی باوقار شخصیت عالم اسلام خصوصاً براعظم افریقہ میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ ہر جہت سے اپنے اسلاف کے وارث وامین تھے۔ علم وفضل، زہد وتقویٰ، کے پیکر اور پاسداری شرع میں اپنے بزرگوں کے عکس جمیل تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ علم ظاہری کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر اور علم باطنی کے گوہر گراں تھے۔

کشور علم وفضل کے شہنشاہ اور اقلیم روحانیت کے تاجدار تھے، آپ کو مشن اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی ترویج واشاعت سے سفر وحضر میں جنون کی حد تک لگاؤ ہونے کے ساتھ ساتھ، موزونی طبع، خوش کلامی، شعر گوئی اور شاعرانہ ذوق وشوق بھی اپنے بزرگوں سے ورثے میں ملا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ بیک وقت مبلغ ومفکر ومدبر اور محدث ومفسر وفقیہ ہونے ساتھ ساتھ ایک عظیم عاشق رسول ﷺ اور عمدہ نعت گو شاعر بھی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری معنویت وپیکر تراشی وسرشاری وشیفتگی کا نادر نمونہ ہے، آپ کے باوقار قلم سے نکلے ہوئے اشعار فصاحت وبلاغت، حلاوت وملاحت، جذب وکیف اور سوز وگداز میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

حضور مبلغ اسلام کے شہرائے آفاق نعتیہ دیوان بنام قسیم بخشش وزادِراہِ بخشش سرزمین پاکستان میں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل سے متعدد مرتبہ شائع ہوکر قبولیت عام حاصل کر چکے ہیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ امسال عرس خوشتری کے پرنور موقع پر شہزادہ وجانشین علامہ خوشتر ناشر مسلک اعلیٰ حضرت حضرت مولانا محمد مسعود اظہر خوشتر صدیقی قادری رضوی سجادہ نشین خانقاۂ قادریہ، رضویہ، خوشتریہ، و سربراۂ اعلیٰ سنّی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل وقادری رضوی سوسائٹی ماریشس۔ اور جناب محمد میاں خوشتر صدیقی وجناب احمد میاں خوشتر صدیقی، کی بے پناہ کوششوں کے ذریعے کلام خوشتر میں سے کچھ مشہور کلام کا انتخاب کر کے بشکل کتاب اور ساتھ ہی میں بہترین نعت خوانوں کی مدھری آوازوں میں ایک سی، ڈی، اپنی جانب سے عوام اہل سنت کو پیش کیں ۔۔۔۔۔۔ گر قبول افتدز ہے عزوشرف ۔۔۔۔۔۔۔۔

مولا تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے صدقہ وطفیل میں خانوادۂ علامہ خوشتر وتمام عوام اہل سنت کو فیضان عشاقان رسول ﷺ سے مالا مال فرمائے آمین۔ طالب دعا۔ خاک پائے حضور مفتی اعظم محمد غفران رضا قادری سبحانی رامپوری مدرس سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل وقادری رضوی سوسائٹی (ماریشس)

# Preface

Apnay Khushtar Ko Bhi Khushtar-e-Deen Kar
Khushtar-e-Khoob Teenat Pay Lakhon Salaam

Dear Readers,

The exalted personality of His Eminence, Mubaligh-e-Islam, The International Ambassador of Imam Ahmad Rida Khan, Hazrat Allama Maulana Alhaaj Sha Muhammad Ibrahim Khushtar Siddiqui Qadri Razvi (Radi Allahu Ta'ala Anho) is one that requires no introduction throughout the Sub-continent, Europe and Africa. His Eminence was a true example of his Aslaaf, he was a great source of Knowledge and Practice by which people of all walks of life, including well-wishers and devoted disciples would benefit from. He carried and followed the teachings of his Elders; in particular the Great Mujjadid, A'la Hazrat Imam Ahmad Rida Khan (Radi Allahu Ta'ala Anho) with ultimate devotion and throughout his life adhered to the Shariah very strictly.

As well as being an Ambassador of Islam and a spiritual guide to many, His Eminence was also blessed with the wealth of writing poetry, which was inspired by his elders. From this poetry we can see the immense love infused in his soul for Rasool-e-Azam Sayyiduna Muhammad Sallallaho Alaihi wa Aalihi wa Sallam.

The standard of the poetry by His Eminence can be appreciated in his Naatia Dewaan, Qaseem-e-Bakhshish and Zaad-e-Raah-e-Bakhshish, which displays the inner and outer love held by His Eminence.

With the blessings of Allah Ta'ala, this year on the occasion of the 10th Annual Urs of His Eminence, Hazrat Allama Maulana Muhammad Ibrahim Khushtar Siddiqui Qadri Razvi (Radi Allahu Ta'ala Anho), the sons of His Eminence, Sajjada-e-Khushtar Hazrat Maulana Muhammad Masood Azhar Khushtar Siddiqui Qadri Razvi, Muhammad Mian Khushtar and Ahmad Mian Khushtar have devoted some time in selecting a few Kalaams which they have published in a book named "Khushboo-e-Khushtar". This book comes with a CD recitation, complete with both Urdu and English transliteration. We pray that this helps and benefits the readers.

May Allah Ta'ala grant us all with the blessings and faizan of the true Aashiqs of our Noble Prophet Sayyiduna Muhammad Sallallaho Alaihi wa Aalihi wa Sallam.

Talib-e-Dua

*Muhammad Sa'd Zafar Khushtar*

# Alhamd Faateha hai Quraan -e- Kareem Ka

Alhamd Faateha hai Quraan-e-Kareem Ka
Laa Raib har waraq hai Alif Laam Meem Ka

Jab say liya hai naam Khuda-e-Raheem Ka
Khatra nahin raha mujhay duzd Rajeem Ka

Kaisay karoun main shukr Ghafoor-ur-raheem Ka
Irfaan mujh ko bakhsha Rasool-e-Kareem Ka

Banda houn kiska  banda houn Rabb-e- Kareem Ka
Ya'nee shafi-e-hashr Raoufur-Raheem Ka

Mujh ko pata hai Khauf nahin hai jaheem ka
Hoga jo faisla meray haq main Kareem ka

Is nai'mat-e-tamaam pay an'amt hai gawaah
Mujh ko mila shu-'oor rahay mustaqeem ka

Har zar rah hai jahan ka aks wajood zaat
Haadis bata raha hai pata kya qadam ka

Sadqa Huzoor-e-Paak (ﷺ) ka anjaam ho bakhair
Aalam baraa-hi sakht hai ummeed-o-beem ka

Har bay Khabar ki rehti hai har pal jisay khabar
Banda hai Khushtar aisay Khabeer-o-aleem ka

الحمد فاتحہ ہے قرآن کریم کا
لاریب ہر ورق ہے الف، لام، میم کا

جب سے لیا ہے نام خدائے رحیم کا
خطرہ نہیں رہا مجھے دزد رجیم کا

کیسے کروں میں شکر غفور رحیم کا
عرفان مجھ کو بخشا رسول کریم ﷺ کا

بندہ ہوں کس کا، بندہ ہوں ربّ کریم کا
یعنی شفیع حشر رؤف رحیم ﷺ کا

مجھ کو پتہ ہے خوف نہیں ہے جحیم کا
ہو گا جو فیصلہ میرے حق میں کریم کا

اس نعمت تمام پہ اَنعمتَ ؛ ہے گواہ
مجھ کو شعور راہِ مستقیم کا

ہر ذرہ ہے جہان کا عکس وجود ذات
حادث بتا رہا ہے پتہ کیا قدیم کا

صدقہ حضور پاک ﷺ کا انجام ہو بخیر
عالم بڑا ہی سخت ہے امید و بیم کا

ہر بے خبر کی رہتی ہے ہر پل جسے خبر
بندہ یہ خوشتر ایسے خبیر و علیم کا

(زادراہ بخشش ص ۵۰)

# Maabood hai tu zaat teri lamyazali hai



Maabood hai tu zaat teri lamyazali hai
Aabid tera har eik Nabi aur Wali hai

Tu qaadir-e-mutlaq hai teri shaan jali hai
Har cheez teray hukm kay saanchay main dhali hai

Tu Khaaliq-e-Kaunain hai har cheez teri hai
Jo cheez mili jis ko mili tujh say mili hai

Bay hukm teray patt ta koyi hil nahin sakta
Jab hukm huwa tera to har shaakh hili hai

Yeh Dawaat-e-Nazaara Hai Jaawak Hai Shahid
Mehboob Ki Har eik gali teri gali hai

Ay dawar-e-mehshar mera sattaar bhi tu hai
Ab fard -e-amal meri teray aagay khuli hai

Kuch aur koyi Khwahish -e-dunya nahin maula
Ho Khaatma bil Khair tamanna-e-dili hai

Tu Kaatib-e-taqdeer hai Khushtar issay karday
Likh hi jo muqaddar main buri hai kay bhali hai

## ﴾حمد باری تعالیٰ﴿

÷معبود ہے تو ذات تیری÷

معبود ہے تو ذات تیری لم یزلی ہے
عابد ترا ہر ایک نبی اور ولی ہے

تو قادرِ مطلق ہے تری شان جلی ہے
ہر چیز ترے حکم کے سانچے میں ڈھلی ہے

تو خالقِ کونین ہے ہر چیز تری ہے
جو چیز ملی جس کو تجھ سے ملی ہے

میں تیرا گنہگار تو غفّار ہے میرا
یہ بندہ بہرحال سعید ازلی ہے

بے حکم تیرے پتّہ کوئی ہل نہیں سکتا
جب حکم ہوا تیرا تو ہر شاخ ہلی ہے

یہ دعوت نظارہ ہے جاوک ہے شاہد
محبوب کی ہر ایک گلی تیری گلی ہے

اے داور محشر مرا ستار بھی تو ہے
اب فردِ عمل میری ترے آگے کھلی ہے

کچھ اور کوئی خواہشِ دنیا نہیں مولیٰ
ہو خاتمہ بالخیر تمنائے دلی ہے

تو کاتبِ تقدیر ہے خوشتر اسے کردے
لکھی جو مقدر میں بُری ہے کہ بھلی ہے

(قسیمِ بخشش صفحہ نمبر ۵۴)

# Apnay daaman main chupalain to bahut ach-cha ho

Apnay daaman main chupalain to bahut ach-cha ho
Khauf-e-mehshar say bachalain to bahut ach-cha ho

Youn to har chah-nay wala hai tumhara  aaqa
Mujh ko bhi apna banalain to bahut ach-cha ho

Main Khataa kaar, gunahgaar, siyaah kaar sahi
Aap hi ka houn bacha lain to bahut ach-cha ho

Naza hai qabr hai, Mehshar hai, saray meezaan hai
Main gira mujh ko sambhalain to bahut ach-cha ho

Ronay waalon ko ho muzdah kay duaein maangein
Aissay main ashk bahaalein to bahut ach-cha ho

Ankhein hon band to bas lab pay ho Allah Allah
Naqsh youn dil pay jamaalein to bahut ach-cha ho

Mo ‘minon nafs kay zun-naar say kya hai rishta
Ham issay torr hi daalain to bahut ach-cha ho

Teray hi dar pay rahoun teray hi tukron pay paloun
Sag mujhay aissa banalain  to bahut ach-cha ho

Saaya-e-Gumbad-e-Khazra ho muqaddar apna
Mujh ko youn paas boulaalain to bahut ach-cha ho

Jashn-e-nawroz shab-o-roz say bach kar Khushtar
Jashn-e-Meelaad manaalain to bahut ach-cha ho

## ﴿نعت پاک رسول مقبول ﷺ﴾

### ☆اپنے دامن میں چھپا لیں☆

اپنے دامن میں چھپالیں تو بہت اچھا ہو
خوفِ محشر سے بچالیں تو بہت اچھا ہو

یوں تو ہر چاہنے والا ہے تمہارا آقا ﷺ
مجھ کو بھی اپنا بنا لیں تو بہت اچھا ہو

تیرے ہی در پہ رہوں تیرے ہی ٹکڑوں پہ پلوں
سگ مجھے ایسا بنالیں تو بہت اچھا ہو

میں خطا کار گناہ گار سیاہ کار سہی
آپ ہی کا ہوں بچا لیں تو بہت اچھا ہو

نزع ہے قبر ہے محشر ہے سر میزاں ہے
میں گراں مجھ کو سنبھا لیں تو بہت اچھا ہو

عرصۂ حشر ہے قہار کی قہاری ہے
شافعِ حشر بچا لیں تو بہت اچھا ہو

سر میں سودا ہو ترا آنکھ میں تیرا جلوہ
حال یہ اپنا بنا لیں تو بہت اچھا ہو

نزع کا وقت ہے سر اپنا نمازوں کے لئے
ان کی چوکھٹ پہ جھکا لیں تو بہت اچھا ہو

سامنے روضۂ انور یہ ریاض الجنۃ
بختِ خفتہ کو جگا لیں تو بہت اچھا ہو

رونے والوں کو ہو مژدہ کہ دعائیں مانگیں
ایسے میں اشک بہا لیں تو بہت اچھا ہو

آنکھیں ہوں بند تو بس لب پہ ہو اللہ اللہ
نقش یوں دل پہ جما لیں تو بہت اچھا ہو

مومنو نفس کے زنار سے کیا رشتہ
ہم اسے توڑ ہی ڈالیں تو بہت اچھا ہو

سایۂ گنبدِ خضرا ہو مقدر اپنا
مجھ کو یوں پاس بلا لیں تو بہت اچھا ہو

جشن نوروز شب و روز سے بچ کر خوشتر
جشن میلاد منا لیں تو بہت اچھا ہو

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۹۱،۹۲)

# Yeh Saaray Ambiya

Yeh Saaray Ambiya aa ay jo Khushtar Muqtada ban kar
Khabar Lay Kar unhein aana tha aa ay mubtada ban kar

Wohi jo Arsh par tha jalwah gar noor-e-Khuda ban kar
Madeena main basad anwaar aaya Mustapha (ﷺ) ban kar

Tumhein jab doob-nay waalon nay ay aaqa pukara hai
Madad ko khud talatum aagaya hai naakhuda ban kar

Jab unkay ummati khairul umam tehray zamanay main
Issi say munkiro samjho woh aa ay hongay  kya ban kar

Madeena kardiya yathrab ki qismat hi badal daali
Qudoom - e -Naaz jab aa ay bahaar jaanfiza ban kar

Mujhay mangta banaday ya Ilahi tu issi dar ka
Jahan par baar ha Jibreel aa ay hain gada ban kar

Dayar-e-paak ka rutba bata la uqsim unko
Jo Kaabay say bazam khud chahlay hain basafa ban kar

Malaik sar par laykar aay hain amaal naamay ko
yeh hoga paish dawar ab qasida naat ka ban kar

Madeena jab nahin dekha to phir dekha hi kya Khushtar
Hazaar aay koyi baytul haram say baasafa ban kar

Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

## ﴿نعت رسول مقبول ﷺ﴾

### ☆یہ سارے انبیاء آئے☆

یہ سارے انبیاء آئے جو خوشتر مقتدا بن کر
خبر لے کرانھیں آنا تھا آئے مبتدا بن کر

وہی جو عرش پر تھا جلوہ گر نور خدا بن کر
مدینہ میں بصد انوار آیا مصطفیٰ بن کر ﷺ

تصّور میں سر شک آئے رنگیں ادا بن کر
کہ گرتے ہی سر دامن مدینہ رہ گیا بن کر

تمھیں جب ڈوبنے والوں نے اے آقا پکارا ہے
مد کو خود تلاطم آگیا ہے ناخدا بن کر

جب ان کے امّتی خیر الامم ٹھہرے زمانے میں
اسی سے منکرو سمجھو وہ آئے ہوں گے کیا بن کر

مدینہ کردیا، یثرب کی قسمت ہی بدل ڈالی
قدوم ناز جب آئے بہارِ جانفزا بن کر

تعالیٰ اللہ اب یہ غیر کے در پر نہیں جھکتا
یہ سر اونچا ہو اتنا جہاں میں آپ کا بن کر

مجھے منگتا بنادے یا الٰہی تو اسی در کا
جہاں پر بارہا جبریل آئے ہیں گدا بن کر

در پاک کا رتبہ بتا لاقسم ان کو
جو کعبے سے بزعم خود چلے ہیں باصفا بن کر

ملائک سر پر لے کرآئے ہیں اعمال نامے کو
یہ ہو گا پیشِ داور اب قصیدۂ نعت کا بن کر

مدینہ جب نہیں دیکھا تو پھر دیکھا کیا خوشتر
ہزار آئے کوئی بیت الحرم سے باصفا بن کر

(قسیم بخشش صفحہ نمبر٦٦)

# Unkay Darbaar-e-Aqdas May Hum Aagaiy

Unkay Darbaar-e-Aqdas May Hum Aagaiy
Downon Aalam Ka Maqsood Hum Pagaiy

Chor Ahbaab Jab Mujh Ko Tanha Gaiy
Waali Umat Keh Aisay May Khud Aagaiy

Hum Ko Doonda Karein Haat Aatay Nahin
Kaali Kamli May Aaqa (ﷺ) Ki Hum Aagaiy

Naza Ho, Qabr Ho, Pul Ho, Mizaan Ho
Jab Kaha Ya Muhammad (ﷺ) Wahin Aagaiy

Naam Aaqa Ka Har Baar Laita Gaya
Qabr May Mujhsay Woh Poonch Kya Kya Gayay

Zindagi Kay Taqaazon Ko Kya Dekh Tay
Hum Nay Maana Wohi Tum Jo Farmagayay

Jashne Milaad-e-Aaqa (ﷺ) Na Poonch Hum Nasheen
Dhoom Downon Jahaan May Hai Woh Aagay

Maasiyat Dhal Gaiy Rab Ko Pyaar Aagaya
Chandh Aansoo Nadaamat Kay Kaam Aagaiy

Azmat-e-Irfa Raasaka Ka Kya Poonch Na
Saari Ummat Woh Sajday May Bakhsha Gaiy

Khush Ho Khushtar Agar Chay Tu Badtar Sahi
Bad Hain Meray Woh Irshaad Farmagaiy

## ﴿نعت رسول مقبول ﷺ﴾

### ☆ان کے دربار اقدس میں☆

ان کے دربار اقدس میں ہم آگئے
دونو عالم کا مقصود ' ہم پا گئے

چھوڑ احباب جب مجھ کو تنہا گئے
والی امت کے ایسے میں خود آ گئے

ہم کو ڈھونڈا کریں ہاتھ آتے نہیں
کالی کملی میں آقا ﷺ کی ہم آ گئے

نزع' ہو' قبر ہو' پل ہو' میزان ہو
جب کہا یا محمد ﷺ وہیں آ گئے

نام آقا ﷺ کا ہر بار لیتا گیا
قبر میں مجھ سے وہ پوچھ کیا کیا گئے

زندگی کے تقاضوں کو کیا دیکھتے
ہم نے مانا وہی تم جو فرما گئے

جشن میلادِ آقا ﷺ نہ پوچھ ہم نشیں
دھوم دونوں جہاں میں ہے وہ آ گئے

معصیت ڈھل گئی رب کو پیار آ گیا
چند آنسو ندامت کے کام آ گئے

عظمتِ ارفع راسک کا کیا پوچھنا
ساری امت وہ سجدے میں بخشا گئے

خوش ہو خوشتر اگرچہ تو بدتر سہی
بد ہیں میرے وہ اشاد فرما گئے

(قسیم بخشش صفحہ نمبر۸۲؛۸۳)

# Chaman say duur hon
# Khushtar karaar Aay to Kya Aay

Chaman Say Duur Hon Khushtar Karaar Aaay To Kya Aaay
Madeenay Say Juda Hon Kya Bahaaron May Maza Aaay

Nah Unsa Rehnuman Aaay Nah Unsa Paishwa Aaay
Jo Apni Ibtida Ki Khud Hi Ban Kar Intaha Aaay

Ba Shakl-e-Mustafa (ﷺ) Aalam May Anwaar-e-Khuda Aay
Meray Ilmul Huda, Ainul Huda, Haqul Huda Aay

Za Adam Taabay Essa Yun To Saaray Ambiya Aaay
Magar Khatm-e-Risaalat Ban Kar Mehboob-e-Khuda Aaay

Lutay Imaan Kay Gohar Hoay Altaaf Ki Baarish
Jahaan Mehsoos Kar Ta Hai Shahé Joodo Sakha Aaay

Chatay Baadal Woh Phela Noor, Woh Aalam Howa Roshan
Chamak Kay Zaray Zaray Nay Kaha Shamsuduha Aaay

Ghunehgaaranay Umat Ka Muqadar Ain Ta'lalah
Noyaday Maghfirat Lay Kar Siraaj-Ul-Ambiya Aaay

Pukaara Jab Kabhi Ghabra Kay Aaqa Ko Museebat May
Meri Imdaad Ko Barwaqt Woh Khair-Ul-Wara Aaay

Madeenay Saamnay Hai Yeh To Meraajay Muqadar Hai
Ab Iskay Baad Kya Khushtar Khayaalay Masiwa Aaay

## ﴾نعت رسول مقبول ﷺ﴿

### ☆چمن سے دور ہوں خوشتر☆

چمن سے دور ہوں خوشتر قرار آئے تو کیا آئے
مدینے سے جدا ہوں کیا بہاروں میں مزا آئے

نہ ان سا رہنما آئے نہ ان سا پیشوا آئے
جو اپنی ابتدا کی خود ہی بن کر انتہا آئے

بشکل مصطفیٰ ﷺ عالم میں انوارِ خدا آئے
مرے علم الہدیٰ عین الہدیٰ حق الہدیٰ آئے

زآدم تا بہ عیسیٰ یوں تو سارے انبیاء آئے
مگر ختم رسالت بن کر محبوب خدا

لٹے ایمان کے گوہر ہوئے الطاف کی بارش
جہاں محسوس کرتا ہے شہ جودو سخا آئے

چھٹے بادل وہ پھیلا نور وہ عالم ہوا روشن
چمک کے ذرّے ذرّے نے کہا شمس الضحیٰ آئے

گنہ گار ان امت کا مقدر اے تعالیٰ اللہ
نوید مغفرت لے کر سراج الا نبیاء آئے

پکارا جب کبھی گھبرا کے آقا کو مصیبت میں
مری امداد کو بر وقت وہ خیرالوریٰ آئے

مدینہ سامنے ہے یہ تو معراج مقدر ہے
اب اس کے بعد کیا خوشتر خیال ما سوا آئے

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۶۵)

# Rah Lay Ta Hon Main Madeenay Ki
# Baat Hai Yeh Baray Kareenay Ki

Baat Hai Yeh Baray Kareenay Ki
Aarzo Dil Ko Hai Madeenay Ki

Itr Bayzi Ka Kya Kahon Aalam
Jism-e-Aqdas Kay Us Paseenay Ki

Tum Ko Deer-o-Haram Mubarak Ho
Mujh Ko Eik Dhun Hai Bas Madeenay Ki

Yeh Fasaanay To Sun Chuka Hon Bahot
Baat Kuch Ki Jiyay Madeenay Ki

Zikr-e-Janaat Baja Magar Waaz
Baat Kuch Aur Hai Madeenay Ki

Aap Hi Ka Ghulam Hon Aaqa (ﷺ)
Laaj Rakh Lijiya Kameenay Ki

UnKa Dar Hai Wo Dar Jahan Khushtar
Maut Ko Bhi Talab Hai Jeenay Ki

## ﴾نعت رسول مقبول ﷺ﴿

### ☆بات ہے بڑے قرینے کی☆

بات ہے بڑے قرینے کی
آرزو دل کو ہے مدینے کی

عطر بیزی کا کیا کہوں عالم
جسم اقدس کے اس پسینے کی

تم کو دیر و حرم مبارک ہو
مجھ کو اک دھن ہے بس مدینے کی

یہ فسانے تو سن چکا ہوں بہت
بات کچھ کیجئے مدینے کی

ذکر جنت بجا مگر واعظ
بات کچھ اور ہے مدینے کی

آپ ہی کا غلام ہوں آقا
لاج رکھ لیجئے کمینے کی

ان کا در ہے وہ در جہاں خوشتر
موت کو بھی طلب ہے جینے کی

(قسم بخشش صفحہ نمبر۷۸)

# Bazm-e-Milaad-e-Nabi (ﷺ) hai har Musalma Shaad Hai

Bazm-e-Milaad-e-Nabi (ﷺ) Hai Har Musalma Shaad Hai
Aamina Kay Laal Piyaray Mustafa (ﷺ) Ki Yaad Hai

Ankh May Roza Zaban Pay Naam Dil May Yaad Hai
Aiyay Aaqa (ﷺ) Yeh Ghar Ab Har Tarhan Aabaad Hai

Aap He Kay Zaat Say Zaat-e-Khuda Ka Hai Zuhoor
Aap He Kay Naam Say Naam-e-Khuda Ki Yaad Hai

Sar Wohi Sar Hai Keh Jis Sar May Hai Tera Khayaal
Dil Wohi Dil Hai Keh Jis Dil May Tumhari Yaad Hai

Ab Madad Farmaiyay Ay Fatahay Badar-O-Hunain
Naam Leva Aap Ka Dunya May Phir Barbaad Hai

Naza Ho, Ya Qabr Ho, Meezaan Ho Ya Pulsiraat
Har Jaga Ay Mah-e-Taiba Aap Say Faryaad Hai

Kul Jahaan Dushman Bhi Ho Jaiay To Khushtar Gham Nahin
Kaali Kamli Walay Aaqa Ki Agar Imdaad Hai

﴿نعت رسول مقبول ﷺ﴾

☆بزم میلاد نبی ہے ﷺ☆

بزم میلاد نبی ہے ہر مسلمان شاد ہے
آمنہ کے لال پیارے مصطفیٰ کی یاد ہے

آنکھ میں روضہ زباں پہ نام دل میں یاد ہے
آیئے آقا یہ گھر اب ہر طرح آباد ہے

آپ ہی کی ذات سے ذاتِ خدا کا ظہور
آپ ہی کے نام سے نام خدا کی یاد ہے

سر وہی سر ہے کہ جس سر میں تمہارا ہے خیال
دل وہی دل ہے کہ جس دل میں تمہاری یاد ہے

اب مدد فرمائے اے فاتحِ بدر وحنین
نام لیوا آپ کا دنیا میں پھر برباد ہے

نزع ہو یا قبر ہو میزان ہو یا پل صراط
ہر جگہ اے ماہِ طیبہ آپ سے فریاد ہے

کُل جہاں دشمن بھی ہو جائے تو خوشتر غم نہیں
کالی کملی والے آقا کی اگر امداد ہے

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۸۱)

# Tera Aastana Hai Main Hon Jabin Hai



Tera Aastana Hai Main Hon Jabin Hai
Yeh Sajday Ki Me'raaj Kitni Haseen Hai

Dayaar-e-Habeeb-e-Khuda (ﷺ) Allah Allah
Jidhar Dekhiay Khuld Manzar Zami Hai

Na Chayro Mujhay Ay Naqeero Na Chayro
Woh Dekho Woh Umat Ka Waali Yahin Hai

Sar Wad Dana Par Fa Owha Ka Naghma
Yeh Me'raaj Ki Shab Kitni Hasi Hai

Yeh Mehwar Husnay Ruay Muhammad (ﷺ)
Habeeb-e-Khuda Saamnay Hain Yaqi Hai

Yeh Keh Keh Kay Main Dil Samjharaha Hon
Woh Taiba Woh Taiba, Yahi Hai Yahi Hai

Yeh Zaatay Muhammad (ﷺ) Meray Dil Say Pooncho
Yaqi He Nahin Bal Kay Jaanay Yaqi Hai

Khusha Muzda Sal Khusha Zowq-e-Saail
Nahin Bas Yahan Eik Lavs Nahin Hai

Muhammad (ﷺ) Muhammad (ﷺ) Muhammad (ﷺ) Muhammad (ﷺ)
Yahi Hai Zabaan Par Yeh Dil Nasheen Hai

Yeh Konain May Munkiro Juz-e-Muhammad (ﷺ)
Dekhado Koi Khatamul Mursali Hai

Zameeno Zamaan May Makaan Lamakaan May
Habeeb-e-Khuda Aur Koi Naheen Hai

Mazaar-e-Habeeb (ﷺ) Allah Allah
Sar-e-Arsh Say Oonchi Jiski Zameen Hai

Tera Khaatama Hoga Bil Khair Khushtar
Keh Tu Wasif-e-Khatamul Mursali Hai

Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

## ﴾نعت رسول مقبول ﷺ﴿

تیرا آستانہ ہے میں ہوں جبیں ہے　　یہ سجدے کی معراج کتنی حسیں ہے
دیار حبیب خدا ﷺ اللہ اللہ　　جدھر دیکھئے خلد منظر زمیں ہے
نہ چھڑو مجھے اے نکیرو نہ چھیڑو　　وہ دیکھو وہ امت کا والی یہیں ہے
سرود دنی پر فاوحی کا نغمہ　　یہ معراج کی شب بھی کتنی حسیں ہے
یہ محویت حسن روئے محمد ﷺ　　حبیب خدا سامنے ہیں یقیں ہے
یہ کہہ کہہ کے میں دل کو سمجھا رہا ہوں　　وہ طیبہ وہ طیبہ یہیں ہے یہیں ہے

یہ ذات محمد ﷺ مرے دل سے پوچھو　　یقیں ہی نہیں بلکہ جان یقیں ہے
خوشا مژدہ سل خوشا ذوق سائل　　نہیں بس یہاں ایک لفظ نہیں ہے
محمد ﷺ محمد ﷺ محمد ﷺ محمد ﷺ　　یہی ہے زباں پر یہ دل نشیں ہے

کونین میں منکرو جز محمد ﷺ　　زمین و زماں میں مکاں لامکاں میں

مزارِ حبیب ﷺ اللہ اللہ　　سرِ عرش سے اونچی جس کی زمیں ہے
ترا خاتمہ ہوگا بالخیر خوشتر　　کہ تو واصف خاتم المرسلیں ہے

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۸۱)

# Pyaray Muhammad (ﷺ)
# Tera Naam-e-Naami

Pyaray Muhammad (ﷺ) Tera Naam-e-Naami
Likha Arsh Par Hai Bakhat-e-Giraami

Tu Payghaam Mera Main Tera Payaami
Aur Tujh Par Salaat-o-Salaam-e-Dawaami

Tu Maula-e-Kul Hai Arab Ka Ajam Ka
Bhikaari Teray Saaray Rumi O Shaami

Teri Chashmay Beena Ra Al-Haq Ki Mazhar
Zaban Ko Teray Rab Say Hai Hum Kalaami

Ma Allah Li Main To Araam Farma
Hai Tera Khuda  Say Keh Qurbay Dawaami

Arab Bhi Hain Tera Ajam Bhi Hai Tera
Ghulami Main Hain Teray Har Khaas O Aami

Phir Teray Liyay Sirf Sallu Alaih
Tujhi Ko Hai Zaiba Yeh Wasf-e-Dawaami

Tu Yassen O Taaha Tu Shamsud Duha Ha
Fatarda Tera Ay Rasool-e-Garami

Haram Tera, Hal Tera, Tera Zamaana
Teri Shaan Wal Asr Rehmatay Tamaam

Hain Wassaaf-e-Mehboobay Rabul Ula Sab
Yeh Hassan O Kaafi Raza Aur Jaami

Hain As-Haab Saray Hidaayat Kay Taaray
Yeh Bu Bakr O Haidar, Yeh Salmaan Naami

Hon Aabo Ajdaad Kay Peechay Khushtar
Zabaan O Aqeeda Hain Misl-e-Tamaami

## ﴾نعت رسول مقبول ﷺ﴿

پیارے محمد ﷺ تیرا نام نامی
لکھا عرش پر ہے بخطِ گرامی

تو پیغام میرا میں تیرا پیامی
ہو تجھ پر صلوٰۃ وسلام دوامی

تو ملاے کل ہے عرب کا عجم کا
بھکاری ترے سارے رومی وشامی

تری چشم بینا راء الحق کی مظہر!
زباں کو ترے رب سے ہے ہم کلامی

مع اللہ لی میں تو آرام فرما
ہے تیرا خدا سے قُربِ دوامی

عرب بھی ہے تیرا عجم بھی ہے تیرا
غلامی میں تیرے ہر خاص و عامی

ہے تیرے لئے صرف صلوا علیہ
تجھی کو زیبا یہ وصف دوامی

تو یٰسٓ وطٰہٰ تو شمس وضحھا
فترضی ترا اے رسول گرامی

حرم تیرا حل تیرا تیرا زمانہ
تری شان والعصر رحمت تمامی

ہیں وصاف محبوب رب العلی سب
یہ حسان و کافی رضا اور جامی

ہیں اصحاب سارے ہدایت کے تارے
یہ بوبکر و حیدر یہ سلمان نامی

ہوں آباو اجداد کے پیچھے خوشتر
زبان و عقیدہ ہیں مثلِ تمام

(زادراہ بخشش ص ۵۵)

# Madeena Madeena Madeena Madeena



Madeena Madeena Madeena Madeena
Yehi kehtay marna yehi kehtay jeena

Nazar gumbad-e- sabz par dil Madeena
Jo aisay main maut aa ay jeena hi jeena

Na poocho meri zindagi ka qareena
Madeena kabhi dil kabhi dil Madeena

Madeena say main duur mujh say Madeena
Yeh jeena hai ko-ee jeenay main jeena

Jo ishq-e- Muhammad ( ﷺ ) main ho chaak seena
Meray bakhya gar isko hargiz na seena

Maza day raha hai gham-e -ishq-e- Aaqaa (ﷺ)
Jo girtay hain aansoo wo ban kar nageena

Tumhain doobtay jab kissi nai pukara
Har eik mauj ban kar kay aayi safeena

Jahan ko main baaghe iram say badal doun
Jo milja-e- Aaqa (ﷺ) tumhara paseena

Na chehro mujhay ay nakeero na chehro
Woh dekho woh aa- ponh-chay Shahe Madeena

Yeh kaaba, yeh zamzam, Safa aur Marwah
Madeenay say hai sab ki rownaq Madeena

Yehi Aakhri hai tamanna - e- Khushtar
Idhar Rooh niklay Udhar ho Madeena

## نعت رسول مقبول ﷺ

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
یہی کہتے مرنا یہی کہتے جینا

نظر گنبدِ سبز پر دل مدینہ
جو ایسے میں موت آئے جینا ہی جینا

نہ پوچھو میری زندگی کا قرینہ
مدینہ کبھی دل کبھی دل مدینہ

مدینے سے میں دور مجھ سے مدینہ
یہ جینا بھی کوئی جینے میں جینا

جو عشق محمد ﷺ سے ہو چاک سینہ
میرے بخیہ گر اس کو کبھی نہ سینا

مزا دے رہا ہے غم عشق آقا
جو گرتے ہیں آنسو وہ بن کر نگینہ

تمہیں ڈوبتے جب کسی نے پکارا
ہر اک موج بن کر کے آئی سفینہ

جہاں کو میں باغ ارم سے بدلدوں
جو مل جائے آقا تمہارا پسینہ

نہ چھڑو مجھے اے نکیرو نہ چھیڑو
وہ دیکھو وہ آپہنچے شاہ مدینہ

یہ کعبہ یہ زم زم صفا اور مرہ
مدینے سے ہے سب کی رونق مدینہ

یہی آخری تمنائے خوشتر
ادھر روح نکلے ادھر ہو مدینہ

(زادِ راہِ بخشش صفحہ نمبر ۵۴)

# Wah Kya Ay Shahe Konain Hai Rutba Tera



Wah Kya Ay Shahe Konain Hai Rutba Tera
Roz-e-Misaaq Say Ta Hashr Hai Charcha Tera

Main Agar Khaon Ajab Kya Keh Ajal Say Hon Ghulaam
Kon Aisa Hai Jo Khata Nahin Sadqa Tera

Tu Barha Itna Kay Meraaj Main Rab Tak Phoncha
Keh Ra Ha Hai Ye Dana Aur Tadala Tera

Tujh Ko Allah Nay Har Ghaib Ata Farmaya
Udnun Minee Say Keh Ta Ha Fa Aawa Tera

Aalam-e-Deed Hai Kyon Naza Kahon Qabr Kahon
Kar Ra Ha Hon Sabhi Manzil May Nazaara Tera

Marzi-e-Paak Bata-e-Ga Fa Walli Wajha Ka
Hai Haram Tera Musala Tera Kaaba Tera

Naza May Qabr May Mehshar May  Rahay Ga Saabit
Ay Sakhi Kalma-e-Tayyib Hai Atya Tera

Aap Farmadain Yeh Mujrim Hai Magar Mera Hai
Khatm Kar Day Ga Har Eik Ranj Ye Fuqra Tera

Irfa Ra Sag Kay Tasaduq-o-Tushfa Kay Nisaar
Kaam Kya Kar Gaya Eik Hashr May Sajda Tera

Bakhshishay Umatay Aasi Ka Ho Muzda Khushtar
Keh Raha Hay Sar-e-Mehshr Ye Fatarda Tera

# ﴾نعت رسول مقبول ﷺ﴿

واہ! کیا اے شہ کونین ہے رتبہ تیرا
روزِ میثاق سے تا حشر ہے چرچا تیرا

میں اگر کھاؤں عجب کیا کہ ازل سے ہوں غلام
کون ایسا ہے جو کھا تا نہیں صدقہ تیرا

تو بڑھا اتنا کہ معراج میں رب تک پہنچا
کہہ رہا ہے یہ دنیٰ اور تدلّیٰ تیرا

تجھ کو اللہ نے ہر غیب عطا فرمایا
ادن منی سے یہ کہتا ہے فاوی تیرا

عالم دید ہے کیوں نزع کہوں قبر کہوں
کر رہا ہوں سبھی منزل میں نظارہ تیرا

مرضی پاک بتائے گا فول وجہک
ہے حرم تیرا مصلی تیرا کعبہ تیرا

نزع میں قبر میں محشر میں رہے گا ثابت
اے سخی! کلمہ طیّب ہے عطیہ تیرا

آپ فرمادیں یہ مجرم ہے مگر میرا ہے
ختم کردے گا ہر اک رنج یہ فقرہ تیرا

''ارفع راسک'' کے تصدق و تشفع کے نثار
کام کیا کر گیا اک حشر میں سجدہ تیرا

بخشش امت عاصی کا ہو مژدہ خوشتر
کہہ رہا ہے سر محشر یہ فترضیٰ تیرا

(زادِ راہِ بخشش صفحہ نمبر۵۲)

# Subhay Faaran Marhaba Aisa Ujaala Kar Diya

Subhay Faaran Marhaba Aisa Ujaala Kar Diya
Zaray Zaray Ko Jahan Ko Tooray Seena Kar Diya

Ishq Nay Unkay Batain Kya Tumhain Kya Kar Diya
Dard Woh Bakhsha Keh Sab Achhon Say Acha Kar Diya

Jaan Balab Hai Ab Mareezay Hijr Aaqa (ﷺ) Aaiyay
Dard Nay Yaas-O-Alam Nay Kaam Dil Ka Kar Diya

Sath Laya Tha Kafan Par Naam-e-Waala Aap Ka
Jisnay Marqad May Ujaala He Ujaala Kar Diya

Meray Palay May Koye Naikee Naa Thi Waqt-e-Hisaab
Unki Rehmat Nay Saray Meezan Ishara Kar Diya

Ghair Kay Ab Aastanay Par Nahin Jhukti Jabin
Usko Apnay Dar Ka Kar Kay Intna Ooncha Kar Diya

Habza Waqtay Museebat Naam Waala Jab Liya
Rehmaton Nay Eik Pal May Paar Beara Kar Diya

Teray Qurbaan Ja Ay Shaan-e-Ata Lutf-e-Ameem
Jin Ko Apna Tha Banaya Unko Mera Kar Diya

Mujh Ko Khushtar Rehmaton Nay Lay Liya Aahosh May
Umatee Keh Kar Jo Maula Nay Ishaara Kar Diya

﴾نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم﴿

# ÷صبح فاراں مرحبا ایسا اجالا÷

صبح فاراں مرحبا ایسا اجالا کردیا
ذرّے ذرّے کو جہاں کے طور سینا کردیا

عشق نے ان کے بتائیں کیا تمہیں کیا کردیا
درد وہ بخشا کہ سب اچھوں سے اچھا کردیا

جاں بلب ہے اب مریض ہجر آقا آئیے
درد نے پیاس والم نے کام دل کا کردیا

ساتھ لایا تھا کفن پر نام والا آپ کا
جس نے مرقد میں اجالا ہی اجالا کردیا

میرے پلّے میں کوئی نیکی نہ تھی وقتِ حساب
ان کی رحمت نے سرِ میزان اشارہ کردیا

غیر کے اب آستانے پر نہیں جھکتی جبیں
اس کو اپنے در کا کرکے اتنا اونچا کردیا

حبذا وقت مصیبت نام والا جب لیا
رحمتوں نے ایک پل میں پار بیڑا کردیا

تیرے قرباں جائے شانِ عطا لطفِ عمیم
جن کو اپنا تھا بنایا ان کو میرا کردیا

مجھ کو خوشتر رحمتوں نے لے لیا آغوش میں
امّتی کہہ کر جو مولا نے اشارہ کردیا

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۵۶)

# Kaun kehta hai dunya main Khushtar, koyi mera sahaara nahin hai

15

Kaun kehta hai dunya main Khushtar, koyi mera sahaara nahin hai
Naam hai jis ka pyara Muhammad (ﷺ), kya woh Aaqa (ﷺ) hamara nahin hai

Zindagi kay har eik paych-o-kham main  ‘aish main aur ranj-o-alam main
Kab Rasool-e- mukarrram ko  main nay shaam hi say pukaara nahin hai

Dil hai baychain jalta hai seena ye bhi jeenai  may hai koyi jeena
Main kahan aur kahan hai Madeena mujhko doori gawaara nahin hai

Waqt hai ye tuloo - e- sehr ka hijre ranj-o-alam kay safar ka
Koyi ummeed ka hai shab-e- gham ab nazar main sitaara nahin hai

Yaad dil main hai aur aankh nam hai Shaah-e- Baghdaad ka ye karam hai
Main nay ulfat ka ye khail Khushtar jab bhi khaila hai haara nahin hai

## نعت رسول مقبول ﷺ

کون کہتا ہے دنیا میں خوشتر کوئی میرا سہارا نہیں ہے
نام ہے جس کا پیارا محمد کیا وہ آقا ہمارا نہیں ہے

زندگی کے ہر اک پیچ و خم میں عیش میں اور رنج و الم میں
کب رسول مکرم کو میں نے شام ہی سے پکارا نہیں ہے

دل ہے بے چین جلتا ہے سینہ یہ بھی جینے میں کوئی جینا
میں کہاں اور کہاں ہے مدینہ مجھکو دوری گوارا نہیں ہے

وقت ہے طلوع سحر کا ہجر والم کے سفر کا
کوئی امید کا ہے شب غم اب نظر میں ستارا نہیں ہے

یاد دل میں ہے اور آنکھ نم ہے شاہِ بغداد کا یہ کرم ہے
میں نے الفت کا یہ کھیل خوشتر جب بھی کھیلا ہے ہارا نہیں ہے

# Faryaad hai faryaad hai faryaad hai ya Ghaus

Faryaad hai faryaad hai faryaad hai ya Ghaus
Yeh banda dar-e-moriday baybaad hai ya Ghaus

Kehtain hein bhikaari tera barbaad hai ya Ghaus
Mumkin nahin ye dar tera aabaad hai ya Ghaus

Kya khawf koyi gar sitam ijaad hai ya Ghaus
Meray liyay kaafi teri imdaad hai ya Ghaus

Hai wirday zabaan shayan lillah ka na’ra
Har ranj say saa-il tera aazaad hai ya Ghaus

Achha hun bura hun mein beher haal tera houn
Kya haq mein meray aap ka irsaad hai ya Ghaus

Ho naz’a ka dam ya kai lahad ho kai ho meezaan
Har eik jagah lab pay teri yaad hai ya Ghaus

Looti hai issi nai mere ghar bhar ki kamaayi
Rehzan hai sitamgar hai ye jallaad hai ya Ghaus

Farmaa kay mureedi liya aahosh karam mein
Taa hashr har eik gham say ye aazaad hai ya Ghaus

Khushtar sag-e-darbaar hai tukray pay pala hay
Farmadein ye banda mera aazaad hai ya Ghaus

فریاد ہے فریاد ہے فریاد ہے یاغوث
یہ بندہ در مورد بیداد ہے یاغوث

کہتے ہیں بھکاری ترابرباد ہے یاغوث
ممکن نہیں یہ در تر آباد ہے یاغوث

کیا خوف کوئ گرستم ایجادہے یاغوث
میرے لئے کافی تری امداد ہے یاغوث

ہے ورد زباں شیأ للہ کا نعرہ
ہر رنج سے سائل تراآزاد ہےیاغوث

اچھا ہوں براہوں میں بہر حال ترا ہوں
کیا حق میں مرے آپ کا اشاد ہے یا غوث

ہونزع کادم یاکہ لحدہو کہ ہومیزان
ہراک جگہ لب پہ تری یاد ہے یاغوث

پھر دل میں مرے نفس میں ڈالاہے بسیرا
پھر تاک میں بیٹھا ہوا صیاد یاغوث

لو ٹی ہےاسی نے مرےگھر بھر کی کمائ
رہزن ہے ستمگر ہے یہ جلاّد ہے یاغوث

فرما کے ''مریدی'' لیا آغوش کرم میں
تاحشرہراک غم سے یہ آزاد ہے یاغوث

گو شامت اعمال نے رکھانہ کہیں کا
پر تیرا تصرف قطب آباد ہے یاغوث

محفل جو عجم کی کہ صدا حل وحرم کی
ہربزم ترے نام سے آباد ہے یاغوث

خوشتر سگ دربار ہے ٹکڑے پہ پلاہے
فرمادیں یہ بندہ مرا آزاد ہے یاغوث

# Aaya hai ye tera deewaana
# Shayanlillah Shayanlillah



Aaya hai ye tera deewaana Shayanlillah Shayanlillah
Kehta hai ye har dam mastaana Shayanlillah Shayanlillah

Khaalee hai meri jholi bhar do Ay Ghaus mujhay boli bhar do
Darbaar hai tera shahaana Shayanlillah Shayanlillah

Tu jaan-e-wali hai kaan-e-sakhi darbaar main teray kya hai kami
Bhar day meray saaqee paymaana Shayanlillah Shayanlillah

Hai hukm tera hukm-e- rabbi eik dam main jo chahai kar day wohi
Ye daur hai tera shahaana Shayanlillah Shayanlillah

Main bad hi sahi main chor hi sahi main mujrim-o-khaati kuch hi sahi
Par tera houn jaan-e-jaanaana Shayanlillah Shayanlillah

Tu peer mera laathani hai aur Ghaus mera Jeelani hai
Main tera mureed deewaana Shayanlillah Shayanlillah

Chaahoun jo agar tujh ko chaahoun dekhoun jo agar tujh ko dekhoun
Kar day mujhe sab se beegaana Shayanlillah Shayanlillah

Islaam ka main eik saa-il houn aur naam ka teray Shaaghil houn
Parhta howa tera do-gaana Shayanlillah Shayanlillah

Chootay na kabhi tu aur Ahmad, mushkil jo paray ho teri madad
Gar waqt naz'a ho aajaana Shayanlillah Shayanlillah

Main saa-il-o-kam himmat zaa-ir aur naam tera Abdul Qaadir
Aur Qaadri tera kaashaana Shayanlillah Shayanlillah

Tu Qaasim ibnul qaasim hai har nai'mat tujhse qaaim hai
Aalam hai tera langar khana Shayanlillah Shayanlillah

Sab teray mazaare anwar par hotay hain nichaa war aa-aa kar
Tu sham'a hai aalam parwaana Shayanlillah Shayanlillah

Main aur meray ehbaab pisar aur bhaai bahen beewi dukhtar
Sab ka ho wazeefa rowzaana Shayanlillah Shayanlillah

Laitay rahein ham sab naam tera kartay rahein mil kar kaam tera
Baghdaad say ho aab-o-daana Shayanlillah Shayanlillah

Tum dil main jo jalwah farma ho phir kya kahay ye kya kya ho
Abaad karo ye weeraana Shayanlillah Shayanlillah

Khushtar ko bulaya rawze par ummeed say dee nai'mat barh kar
Ho lutf-o-karam ye saalana Shayanlillah Shayanlillah

آیا ہے یہ تیرا دیوانہ شیا للہ شیا للہ
کہتا ہے یہ ہردم مستانہ شیا للہ شیا للہ

خالی ہے میری جھولی بھردو اے غوث مجھے بولی بھردو
دربار ہے تیرا شاہانہ شیا للہ شیا للہ

توجان ولی ہے کان سخی ہے دربار میں تیرے کیا ہے کمی
بھر دے میرے ساقی پیمانہ شیا للہ شیا للہ

ہے حکم تیرا حکم ربی اک دم میں جو چاہے کردے وہی
یہ دور تیرا شاہانہ شیا للہ شیا للہ

میں بد سہی میں چور سہی میں مجرم وخاطی کچھ ہی سہی
پر تیرا ہوں جان جانانہ شیا للہ شیا للہ

تو پیر مرا لاثانی ہے اورغوث مراجیلانی ہے
میں تیرا مرید دیوانہ شیا للہ شیا للہ

چاہوں جو اگر تجھ کو چاہوں دیکھوں جو اگر تجھ کو دیکھوں
کر دے مجھے سب سے بیگانہ شیا للہ شیا للہ

اسلام کا میں اک سائل ہوں اورنام کا تیرے شاغل ہوں
پڑھتا ہوا تیرا دوگانہ شیا للہ شیا للہ

چھوٹے نہ کبھی تو اوراحمد مشکل جو پڑے ہو تیری مدد
گر وقت نزع ہو آ جانا شیا للہ شیا للہ

میں سائل وکم ہمت زایر اور نام ترا عبدالقادر ہے
اور قادری تیرا کا شاہانہ شیا للہ شیا للہ

تو قاسم ابن القاسم ہے ہر نعمت تجھ سے قائم ہے
عالم ہے ترا لنگر خانہ شیا للہ شیا للہ

سب تیرے مزارانور پر ہوتے ہیں نچھاور آ آ کر
تو شمع ہے عالم پروانہ شیا للہ شیا للہ

میں اور مرے احباب پسر اور بھائی بہن بیوی دختر
سب کا ہو وظیفہ یہ روزانہ شیا للہ شیا للہ

لیتے رہیں ہم سب نام ترا کرتے رہیں مل کرکام ترا
بغداد سے ہو آب و دانہ شیا للہ شیا للہ

تم دل میں جو جلوہ فرما ہو پھر کیا کہے یہ کیا کیا ہو
آباد کرو یہ ویرانہ شیا للہ شیا للہ

خوشتر کو بلا یا روضہ پر امید سے دی نعمت بڑھ کر
ہو لطف و کرم یہ سالانہ شیا للہ شیا للہ

(قسیم بخشش صفحہ نمبر۱۱۳:۱۱۴)

# Ay Imaam-ul- hudaa Shaahe Ahmad Raza 18

Ay Imaam-ul- hudaa Shaahe Ahmad Raza
Murshid-ul-atqiyaa  Shaahe Ahmad Raza

Haq ki tu hai Raza Shaahe Ahmad Raza
Tujhse Raazi Khuda Shaahe Ahmad Raza

Shukr Allah Ka Shaahe Ahmad Raza
Deen tujhsay mila Shaahe Ahmad Raza

Ahle sunnat ka bera na kyun paar ho
Is ka tu nakhuda Shaahe Ahmad Raza

Ghaus ka Mustapha (ﷺ) ka Khuda ka howa
Jo bhi tera howa Shaahe Ahmad Raza

Tu nay baatil ka sar kaath kar rakhdiya
Haq ko zinda kiya Shaahe Ahmad Raza

Teri tehreer haq iska har har waraq
Haq ka hai faisla Shaahe Ahmad Raza
Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

Mustapha (ﷺ) Ghaus -o-Khwaja kay Barkaat tak
Hai tera silsila Shaahe Ahmad Raza

Hai ye maahe safar is mein har har nagar
Urs tera howa Shaahe Ahmad Raza

Laaj donon jahan may teray haath hai
Mein talab tu aataa Shaahe Ahmad Raza

Naz'r-o-mehshar may Khushtar hi Khushtar rahay
Hai ye tera gadaa Shaahe Ahmad Raza

Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

﴿ہدیۂ عقیدت﴾ ☆بارگاہِ سیدی اعلیٰحضرت الشاہ امام احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ☆

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

اے امام الہدیٰ شاہِ احمد رضا    مرشدا لاتقیاء شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

حق کی تو ہے رضا شاہِ احمد رضا    تجھ سے رضی خدا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

شکر اللہ کا شاہِ احمد رضا    دین تجھ سے ملا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

اہل سنّت کا بیڑا نہ کیوں پار ہو    اس کا تو ناخدا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

غوث کا مصطفیٰ کا خدا کا ہوا    جو بھی تیرا ہوا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

تو نے باطل کا سر کاٹ کر رکھدیا    حق کو زندہ کیا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

تیری تحریر حق اسکا ہر ہر ورق    حق کا ہے فیصلہ شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

مصطفیٰ غوث وخواجہ کے برکات تک    ہے ترا سلسلہ شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

ہے یہ ماہِ صفر اس میں ہر ہر نگر    عرس تیرا ہوا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

لاج دونوں جہاں میں تیرے ہاتھ ہے    میں طلب تو عطا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

نزع وحشر میں خوشتر ہی خوشتر ہے    ہے یہ تیرا گدا شاہِ احمد رضا

شاہِ احمد رضا شاہِ احمد رضا

(قسیم بخشش صفحہ نمبر ۱۳۰)

# Ay Raza Martaba Kitna Huwa Baala Tera 19

Ay Raza Martaba Kitna Huwa Baala Tera
Hind To Hind Arab May Huwa Shora Tera

Naam A'la Hai Tera Hazrat-e-A'la Tera
Kaam Ula Hai Tera Ay Shahay Wala Tera

Koi Kya Jaanay Bara Kitna Hai Rutba Tera
Asfiya Choomna Chahain Woh Hai Talwa Tera

Kitna Ooncha Kiya Allah Nay Rutba Tera
Ghaus-e-Azam Ko KiyaWaali-O-Maula Tera

Nisbat-e-Alay Rasool (ﷺ) Bhi Ajab Nisbat Hai
Ghaus Tak Laygaya Tujh Ko Yeh Wasila Tera

Is Sadi Ka Tu Mujjadid Tu Zaamanay Ka Imaam
Ehlay Haq Chaltay Hain Jis Par Woh Hai Rasta Tera

Tujh Ko Allah Nay Har Fazl Ata Farmaya
Kon Sa Ilm Kay Jismay Nahin Hissa Tera

Is Zamanay May Koi Tujh Say Na Dekha Na Suna
Ghaus-e-Azam Ki Karamat Thi Sarapa Tera

Tarjuma Ban Gaya Quran Ka Kanzul Imaan
Hashr Tak Jaari Yeh Faizan Rahay Ga Tera

Tu Nay Imaan Diya Tu Nay Jamaat Day Di
Ahle Sunnat Pay Yeh Ehsaan Hai Aaqa (ﷺ) Tera

Maslak-e-Haq Ki Zamaanat Hai Tera Naam Raza
Shaan-e-Tehqeeq Ada Kargaya Khaama Tera

Mustafa (ﷺ) Ka Teray Khaadim Teray Haamid Ka Ghulaam
Khushtar-e-Banday Darbaar Hai Tera Tera

Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

﴿منقبت درشان سرکاراعلحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ﴾

☆اے رضا مرتبہ کتنا ہوا بالا تیرا☆

اے رضا مرتبہ کتنا ہوا بالا تیرا
ہند تو ہند عرب میں ہوا شہرہ تیرا

نام اعلیٰ ہے ترا حضرت اعلیٰ تیرا
کام اولیٰ ہے ترا اے شہ والا تیرا

کوئ کیا جانے بڑا کتنا ہے رتبہ تیرا
اصفیاء چومنا چاہیں وہ ہے تلوا تیرا

کتنا اونچا کیا اللہ نے رتبہ تیرا
غوث اعظم کو کیا والی و مولیٰ تیرا

نسبت آل رسول بھی عجب نسبت ہے
غوث تک لے گیا تجھکو یہ وسیلہ تیرا

اس صدی کا تو مجدّد تو زمانے کا امام
اہل حق چلتے ہیں جس پر وہ رستہ تیرا

تجھ کو اللہ نے ہر فضل عطا فرمایا
کون سا علم کہ جس میں نہیں حصہ تیرا

اس زمانے میں کوئ تجھ سا نہ دیکھا نہ سنا
غوث اعظم کی کرامت تھی سراپا تیرا

ترجمہ بن گیا قرآن کا کنزالایمان
حشر تک جاری یہ فیضان رہے گا تیرا

تو نے ایمان دیا تو نے جماعت دیدی
اہل سنّت پہ یہ احسان ہے آقا تیرا

مسلکِ حق کی ضمانت ہے تیرا نام رضا
شانِ تحقیق ادا کر گیا خامہ تیرا

مصطفیٰ کا ترے خادم ترے حامد کا غلام
خوشتر بندۂ در بار ہے تیرا تیرا

# Kuch na poocho maqaam Khwaja ka



Kuch na poocho maqaam Khwaja ka
Arshion may hai naam Khwaja ka

Da ‘wat-e-deen kaam Khwaja ka
Sab ki khidmat nizaam Khwaja ka

Hind taa Chisht Kaam Khwaja ka
Boal baala hai naam Khwaja ka

Unki manzil hijaab ‘azmat hai
Arsh hai eik gaam Khwaja ka

Yeh Patan paak Dehli o Kalyar
Sab ko paya maqaam Khwaja ka

Dost to dost aaj dushman bhi
Latay rehtay hein naam Khwaja ka

Chishti manzil bihisht ki manzil
Baam baalay baam Khwaja ka

Eik muslim hi kya kay hindu bhi
Karta hai ehteraam Khwaja ka

Sab ki poori muraad hoti hay
Hai ye Faizaane ‘aam Khwaja ka

Yeh jo Khushtar hai Qadri Razvi
Yeh bhi hai eik ghulaam Khwaja ka

☆ کچھ نہ پوچھو مقام خواجہ کا ☆

کچھ نہ پوچھو مقام خواجہ کا
عرشیوں میں ہے نام خواجہ کا
دعوتِ دین کام خواجہ کا
سب کی خدمت نظام خواجہ کا
ہند تا چشت کام خواجہ کا
بول بالا ہے نام خواجہ کا
انکی منز ل حجابِ عظمت ہے
عرش ہے اک گام خواجہ کا
یہ پٹن پاک دہلی و کلیر
ہے یہ کیا کیا مقام خواجہ کا
دوست تو دوست آج دشمن بھی
لیتے رہتے ہیں نام خواجہ کا
چشتی منزل بہشت کی منزل
بام بالائے بام خواجہ کا

# Shajrah Silsila Aa’lia Qadria Razvia Haamidia Mustafavia Ibrahimia Khushtaria

Ya Ilaahi rahm farma Mustafa (ﷺ) kay wastay, Ya Rasoolallah (ﷺ) karam kijiyay Khuda kay waastay.

Mushkilein hal kar shahe Mushkil kusha kay waastay-karbalaa-ein rad Shaheeday Karbala kay waastay.

Sayyaday sajjaad kai sadqe mein saajid rakh mujhe-Ilm-e-haq day Baaqaray ilm-e-Huda kay waastay

Sidqay Saadiq ka tassaduq saadiqul Islam kar-Be ghazab raazi ho Kaazim aur Raza kay waastay.

Behre ma’roof - o - sari Ma ‘roof day bekhud sari-Junday haq mein gin Junaid-e-Baasafa kay wastay.

Behray Shibli sher-e-haq duniya kay kutton say bacha-Eik ka rakh Abday Waahid bairiya kay waastay

Bul Farah ka sadqa kar gham ko farah day husno Sa’d-Bul Hasan aur bu Saeeday Sa’adza kay waastay.

Qaadri kar Qaadri rakh Qaadriyon mein outha-Qadray ‘Abdul Qaadir qudrat numa kay waastay.

Ahsanallahu Lahum Rizqan‘se day rizqay Hasan-Banda-e-Razzaaq taaj-ul-Asfia kay waastay.

Nasrabi Saleh ka sadqa Saleh-O-Mansoor rakh-Day hayaat-e-deen Mohiye - jaan fiza kay waastay.

Toor-o - ‘Irfaan-o -’Ulo-o-hamdo husna-o bahaa-Day Ali Moosa Hasan Ahmad Bahaa kay waastay.

Behre Ibrahim mujh par naaray gham gulzaar kar-Bheek day daata Bhikaari badshah kay waastay.

Khaana-e-dil ko Zia day rou-e-imaan ko jamaal-Shahe Zia Maula Jamaal-ul-Aulia kai waastay.

Watch all our videos on - www.youtube.com/qiclive

## ﴿شجرۂ طیّبہ﴾

☆سلسلۂ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ حامدیہ نوریہ جیلانیہ خوشتریہ☆
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین الیٰ یوم الدین

یاالٰہی رحم فرماں مصطفیٰ کے واسطے
یارسول اللہ کرم کیجئے خدا کے واسطے

مشکلیں حل کر شہ مشکل کشا کے واسطے
کربلائیں رد شہید کربلا کے واسطے

سیّد سجّاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علم حق دے باقرِ علم ہدیٰ کے واسطے

صدق صادق کا تصدق صادق الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

بہر معروف وسری معروف دے بیخود سری
جندحق میں گن جنید باصفا کے واسطے

بہر شبلی شیر حق دنیا کے کتّوں سے بچا
ایک کا رکھ عبدواحد بے ریا کے واسطے

بوالفرح کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسن وسعد
بوالحسن اور بوسعید سعد زا کے واسطے

قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اٹھا
قدر عبدالقادر قدرت نما کے واسطے

احسن اللہ لہ رزقاً سے دے رزق حسن
بندۂ رزاق تاج الاصفیا کے واسطے

نصرابی صالح کا صدقہ صالح ومنصور رکھ
دے حیاتِ دیں محی جاں فزاں کے واسطے

طور عرفاں وعلو وحمد وحسنیٰ وبہار
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے

بہر ابراہیم مجھ پر نار غم گلزار کر
بھیک دے دا تا بھکاری بادشاہ کے واسطے

خانہ دل کو ضیا دے روے ایماں کو جمال
شہ ضیا مولیٰ جمال الاولیا کے واسطے

Day Muhammad (ﷺ) kay liyay rozi kar Ahmad (ﷺ) kay liyay - Khwaan-e-Fazlullah say hissah gadaa kay waastay.

Deen-o-duniya kay mujhay barkaat day Barkaat se-Ishqay haq day ishqiyay ishq intima kay waastay.

Hubbay Ahle Bait day Aale Muhammad (ﷺ) kay liyay-Kar Shaheeday ishqay Hamza peshwa kay waastay.

Dil ko achcha tan ko southra jaan ko pur noor kar-Achche piyaar-e-Shamsuddeen badrul ‘oula kay waastay.

Dow jahan mein khaadim-e-Aale Rasoulullah (ﷺ) kar-Hazrate-Aale Rasoole muqtada kay waastay.

Noor-e-jaan-o-nooray imaan nooray qabr hashr day-Bul Husainay Ahmaday Noori laqa kay waastay.

Kar ‘ataa Ahmad Razaa-e-Ahmad-e-moursal mujhay-Meray Maula Hazrate Ahmad Raza kay waastay.

Haamid-o-Mahmood aur Hammaad-o-Ahmad kar mujhay -Meray Aaqa Hazrate Haamid razaa kay waastay.

Saaya-e-jumla mashaaikh ya Khuda ham par rahay - Rahm farma aalay rahma-e-Moustafa (ﷺ) kay waastay.

Behr-e-Ibrahim bhi baarish ho maula noor ki-Noor ki sarkaar say hissa gadaa kay waastay.

Naare dauzakh say bacha kar khushtar-e-daarain kar (Mehshar bana )-Mere ibrahim khushtar ko Raza kay wastay.

Day Sa’adat do jahan mein Hazrate Masood ko Qadri Dulha Shahe Ghausul - wara kay waastay.

Sadqa ine ayaan ka de cheh ‘ain ‘iz ilm-o-’amal-’Afwo ‘irfan’aafiyaat iss benawa kay waastay.

دے محمد کیلیے روزی کر احمد کے لے
خوان فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

دین و دنیا کی مجھے برکات دے برکات سے
عشق حق دے عشقی عشق انتما کے واسطے

حبِ اہل بیت دے آل محمد کیلیۓ
کر شہید عشق حمزہ پیشوا کے واسطے

دل کو اچھا تن کو ستھرا جان پرنور کر
اچھے پیارے شمس دیں بدالعلیٰ کے واسطے

دو جہاں میں خادم آل رسول اللہ کر
حضرت آل رسول مقتدا کے واسطے

نور جان و نور ایماں نور قبر و حشر دے
بوالحسین احمد نوری لقا کے واسطے

کر عطا احمد رضاۓ احمد مرسل مجھے
میرے مولیٰ حضرت احمد رضا کے واسطے

حامد و محمود اور حماد احمد کر مجھے
میرے مولا حضرت حامد رضا کے واسطے

سایۂ جملہ مشائخ یا خدا ہم پر رہے
رحم فرما آل رحماں مصطفیٰ کے واسطے

بہر ابراہیم بھی بارش ہو مولیٰ نور کی
نور کی سرکار سے حصہ گدا کے واسطے

نار دوزخ سے بچا کر خوشتر محشر بنا
میرے ابراہیم خوشتر کو رضا کیواسطے

دے سعادت دو جہاں میں حضرت مسعود کو
قادری دو لہا شۂ غوث الورٰی کے واسطے

صدقہ ان اعیاں کا دے چھ عین عز علم و عمل
عفو و عرفاں عافیت اس بینوا کے واسطے

# Salaat-o-Salaam



Mustafa (ﷺ) Jaan-e-Rehmat Pay Lakhon Salaam
Sham-e-Bazme Hidaayat Pay Lakhon Salaam

Shehr-e-Yaaray Iram Taajdaaray Haram
No Bahaar-e-Shafaat Par Lakhon Salaam

Hum Ghareebo Kay Aaqa (ﷺ) Bayhad Durood
Hum Faqeero Ki Sarwat Pay Lakhon Salaam

Jin Kay Sajday Ko Mehraab-e-Kaaba Jhuki
Un Bahwon Ki Lataafat Pay Lakhon Salaam

Jis Suhaani Ghari Chamka Taiba Ka Chaand
Us Dil Afroz-e-Saa't Pay Lakhon Salaam

Duur-o-Nazdeekh Kay Sunn Nay Walay Woh Kaan
Kaan-e-Laalay Karaamat Pay Lakhon Salaam

Ghaus-e-Azam Imaam Mutuqa Wonuqa
Jalwa-e-Shaan-e-Qudrat Pay Lakhon Salaam

Meray Ustaad Ma Baap Bhai Bahen
Ahle Wido Asheerat Pay Lakhon Salaam

Eik Mera Hi Rehmat May Dawa Nahin
Shah Ki Saari Ummat Pay Lakhon Salaam

Kaash Mehshar May Jab Unki Aamad Ho
Bhayjain Sab Unki Shokat Pay Lakhon Salaam

Mujh Say Khidmat Kay Kudsi Kahain Hain Raza
Mustafa (ﷺ) Jaan-e-Rehmat Pay Lakhon Salaam

Daaldi Qalb May Azmat-e-Mustafa (ﷺ)
Syedi A'la Hazrat Pay Lakhon Salaam

Ghaus-o-Khwaja Raza Haamid-o-Mustafa (ﷺ)
Panj-e-Ganj-e-Wilaayat Pay Lakhon Salaam

Apnay Khushtar Ko Bhi Khushtar-e-Deen Kar
Khushtar-e-Khoob Teenat Pay Lakhon Salaam

Aur Ayub Razvi Pay Bhi Ay Khuda Rehm Kar
Teri Rehmat Pay Lakhon Salaam

Khush Naseebon May Hai Apna Masood Bhi
No Bahaar-e-Saa'dat Pay Lakhon Salaam

Khush Rahay Tar Rahay Sunniyon Ki Dua
Khushtar-e-Deen o Millat Pay Lakhon Salaam

## ﴿صلوٰۃ وسلام﴾

### ☆ بارگاہِ سرکارِ دوعالم ﷺ میں☆

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہرِ یارِ اِرم تاجدارِ حرم
نوبہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کے ثروت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جُھکی
ان بھووں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس سُہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروزِ ساعت پہ لاکھوں سلام

غوث اعظم امام التقیٰ والنقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

دورو نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لالِ کرامت پہ لاکھوں سلام

میرے استاد ماں باپ بھائی بہن
اہل ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام

ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب انکی آمد ہو اور
بھیجیں سب انکی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

ڈالی دی قلب میں عظمتِ مصطفیٰ
سّیدی اعلیٰحضرت پہ لاکھوں سلام

غوث و خواجہ رضا حامد و مصطفیٰ
پنج گنجِ ولایت پہ لاکھوں سلام

اپنے خوشتر کو بھی خوشترِ دین کر
خوشترِ خوب طینت پہ لاکھوں سلام

اور ایوب رضوی پہ بھی اے خدا رحم کر
تیری رحمت پہ لاکھوں سلام

خوش نصیبوں میں ہے اپنا مسعود بھی
نو بہار سعادت پہ لاکھوں سلام

خوش رہے ترہے سنّیوں کی دعا
خوشتر دین وملت پہ لاکھوں سلام

÷حدیقِ بخشش از امام اہلسنّت امام احمد رضا قدسرہ÷